© rasailojaraid.com



# مسافرانِ آخرت

ادارہ

★ جناب حافظ محمد سالم کے والد حافظ محمد طیب (بانی مدرسہ نورِ ہدایت کلورکوٹ) انتقال: 15 رمئی 2017ء

★ مدرسہ معمورہ ملتان کے مدرس مولوی عبدالباسط کی والدہ، بھائی سعید احمد کی بھابھی انتقال: 20 مئی 2017

★ حاجی دین محمد مرحوم (لاہور) کے فرزند اور جناب حبیب احمد کے بڑے بھائی جناب فضل احمد مرحوم انتقال: 4 رمئی

★ مجلس احرار اسلام رحیم یار خان کے کارکن صوفی محمد سلیم مرحوم انتقال: 24 مئی 2017ء

★ حافظ محمد اکرم کے ماموں جناب ملک حاجی حق نواز نمبر دار مرحوم، میراں پور میلسی، 9 رمئی 2017ء/۱۲ رشعبان المعظم انتقال فرما گئے

★ چیچہ وطنی کے قدیم احرار کارکن ماسٹر تنویر احمد کی خوش دامن 11۔مئی جمعۃ المبارک کو بھکر میں انتقال کر گئیں۔

★ جناب فدا عباس (امریکہ) کے والد گرامی غلام علی امریکہ سے پاکستان کے سفر کے دوران 10 رمئی کو مانچسٹر میں انتقال کر گئے۔ اُن کی تدفین چک نمبر 12/44 رایل چیچہ وطنی میں ہوئی۔

★ جمعیت علماء اسلام ضلع ساہیوال کے رہنما مولانا محمد اسماعیل (قطری) کی اہلیہ محترمہ 22 رمئی کو انتقال کر گئیں

احباب وقارئین سے درخواست ہے کہ تمام مرحومین کے لیے ایصالِ ثواب اور دعاءِ مغفرت کا خاص اہتمام فرمائیں۔ اللہ تعالیٰ سب کی مغفرت فرمائے، حسنات قبول فرمائے اور اعلیٰ علیین میں جگہ عطاء فرمائے۔ پسماندگان کو صبر جمیل اور اجر عظیم عطاء فرمائے۔

## دعاءِ صحت

● مجلس احرار اسلام کے مرکزی رہنما ابن امیر شریعت مولانا سید عطاء المومن بخاری دامت برکاتہم شدید علیل ہیں

● حضرت مولانا خواجہ خان محمد رحمۃ اللہ علیہ کے فرزند گرامی جناب خواجہ رشید احمد صاحب گزشتہ دو سال سے کومے میں ہیں

● مجلس احرار اسلام بہاول پور کے صدر قاری عبدالعزیز صاحب علیل ہیں

● مدرسہ معمورہ کا سابق طالب علم حافظ محمد اویس سنجرانی علیل ہے

● لاہور کے بزرگ احرار کارکن چودھری محمد اکرام صاحب طویل عرصے سے علیل ہیں

● چودھری عبدالجبار صاحب صدر مجلس احرار اسلام خان پور علیل ہیں



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



- حافظ محمد جمال صاحب قدیمی کارکن مجلس احرار اسلام غازی پور
- ڈیرہ اسماعیل خان کے احرار کارکن حافظ فتح محمد علیل ہیں
- مجلس احرار اسلام ملتان کے کارکن قاضی رفیع الدین کی خالہ محترمہ شدید علیل ہیں
- حافظ محمد صدیق چوہان صدر مجلس احرار اسلام رحیم یار خان شہر علیل ہیں
- مجلس احرار اسلام کراچی کے نائب امیر اور مدرسہ محمدیہ، جامعہ مسجد محمدی مہران ٹاؤن کراچی کے بانی و مہتمم مولانا عبدالغفور مظفر گڑھی کے بھائی قاری عبدالشکور علیل ہیں

احباب وقارئین سے درخواست ہے کہ تمام مریضوں کی صحت یابی کے لیے دعا فرمائیں، اللہ تعالیٰ انہیں شفا کاملہ عطا فرمائے۔

## رحماء بینھم ویلفیئر ٹرسٹ کا قیام

ممتاز محقق، نامور عالم دین حضرت مولانا محمد نافع رحمتہ اللہ علیہ کی تصانیف کو دنیا کی مختلف زبانوں میں ترجمہ کر کے شائع کرنے اور آپ کے علمی و تحقیقی کام کو آگے بڑھانے کے لیے رحماء بینھم ویلفیئر ٹرسٹ کا قیام عمل میں لایا گیا ہے۔

آپ کی عظیم الشان لائبریری میں ہزاروں کتابیں موجود ہیں جو علمی و تحقیقی دنیا میں ایک بہت بڑا سرمایہ ہیں۔ رحماء بینھم ویلفیئر ٹرسٹ کی مجلس عاملہ نے فیصلہ کیا ہے کہ اس لائبریری میں موجود علمی ذخیرہ کو سکین (Scan) کر کے ایک ویب سائٹ کے ذریعے دنیا بھر کے اہل علم کے استفادے کے لیے عام کیا جائے اس منصوبہ پر کام جاری تھا مگر سرمایہ کی کمی کی وجہ سے کام متاثر ہو رہا ہے۔ مخیّر حضرات اور اہل علم و تحقیق سے اپیل ہے کہ اس کارِ خیر میں مالی تعاون فرمائیں تا کہ یہ عظیم الشان علمی و تحقیقی منصوبہ جلد پایۂ تکمیل تک پہنچے۔



© rasailojaraid.com